17.03.2025

Hrs13.50

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... ارجمندعلی خان

Music

---------------------------------------------

-1 وزیراعظم نریندرمودی نے آج نئی دلّی میں نیوزی لینڈ کے اپنے ہم منصب Christiopher Luxon کے ساتھ بات چیت کی، جس میں باہمی تعلقات کے مختلف پہلو زیر غور آئے۔

-2 وزیراعظم آج شام نئی دلّی میں دَسویں Raisina مذاکرات کا افتتاح کریں گے۔

-3 وقف ترمیمی بل سے متعلق مشترکہ پارلیمانی کمیٹی JPC کے چیئرمین جگدمبیکا پال نے کہا ہے کہ مذکورہ بل غریب مسلمانوں کے حق میں ہے۔

-4 شمالی کشمیر کے کپواڑہ ضلعے میں سیکورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان تصادم ہوا ہے۔

-5 ملک کے مختلف حصوں میں درجۂ حرارت میں اضافہ ہورہا ہے۔ بھارتی موسمیات محکمے نے اُوڈیشہ کے تین ضلعوں میں شدید گرمی کے امکان کے مد نظر ریڈ وارننگ جاری کی ہے۔

-6 اور کبڈی ورلڈ کپ 2025 آج شام انگلینڈ میں شروع ہورہا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے...

New Zealand PM Visit.

وزیراعظم نریندرمودی نے آج نئی دلّی میں نیوزی لینڈ کے اپنے ہم منصب Christiopher Luxon کے ساتھ بات چیت کی، جس میں باہمی تعلقات کے مختلف پہلو زیر غور آئے۔ بات چیت کے بعد کئی سمجھوتوں پر دستخط بھی کیے گئے۔

جناب Luxon آج شام راشٹرپتی بھون میں صدرجمہوریہ دروپدی مرمو سے ملنے جائیں گے۔

اِس سے پہلے آج صبح نیوزی لینڈ کے وزیراعظم راج گھاٹ گئے اور مہاتما گاندھی کو خراج عقیدت پیش کیا۔ جناب Luxon کے اِس دورے کا مقصد دونوں ملکوں کے درمیان باہمی تعلقات کو مستحکم بنانا ہے۔ اِس کے تحت سبھی شعبوں میں تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور عوام سے عوام کے رابطوں کو فروغ دینے کے عہد کا اعادہ کیا گیا ہے۔

نیوزی لینڈ کے وزیراعظم، بھارت کے پانچ دِن کے دورے پر کَل نئی دلّی پہنچے ہیں۔ اُن کے ہمراہ اعلیٰ سطح کا ایک وفد بھی بھارت آیا ہے، جس میں مختلف وزراء، اعلیٰ اہلکار، کاروباری افراد، میڈیا اور بھارتی برادری کے ارکان بھی شامل ہیں۔ نیوزی لینڈ کے وزیراعظم بدھ کے روز ممبئی جائیں گے۔x

**PM Raisina Dialogue**

وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں 2025 کے Raisina مذاکرات کا افتتاح کریں گے۔

نیو زی لینڈ کے وزیراعظمChristopher Luxon ، افتتاحی اجلاس میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گے اور کلیدی خطاب کریں گے۔ یہ تین روزہ مذاکرات بدھ کے روز تک جاری رہیں گے۔ اِس سال کا موضوع ہے:

” کال چکر- عوام، امن اور کرہئ ارض۔“

تقریباً125 ملکوں کے نمائندے مذاکرات میں شرکت کررہے ہیں۔ ساڑھے تین ہزار سے زیادہ شرکاء بذات خود مذاکرات کے مقام پر موجود رہ کر اِس میں شامل ہوں گے۔

رائے سینا مذاکرات، جغرافیائی سیاست اور جغرافیائی اقتصادیات سے متعلق، بھارت کی ایک اعلی کانفرنس ہے، جس میں عالمی برادری کو درپیش بڑے چیلینج والے معاملات پر بات چیت کی جاتی ہے۔x

**Prez-Naval Trainees**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ ایک ایسے وقت میں جب عالمی سطح پر جغرافیائی اور سیاسی کشیدگی بڑھ رہی ہے، ممالک بحری اشتراک میں اضافہ کررہے ہیں اور مشترکہ مشقیں انجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے عالمی سطح پر ایک بڑا کردار ادا کرنے کی صورت میں بحریہ کے سازوسامان کے بندوبست سے متعلق سروِس اور فوجی سازو سامان کے محکمے، بھارتی بحریہ کو مدد فراہم کرنے میں ایک اہم رول ادا کریں گے۔ صدر جمہوریہ نے آج راشٹرپتی بھون میں تربیت حاصل کرنے والے افسروں کے ساتھ بات چیت کرتے وقت یہ بات کہی۔x

**Jagdambika Pal Waqf**

وقف ترمیمی بل سے متعلق مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے چیئرمین جگدمبیکا پال نے کہا ہے کہ یہ بل غریب مسلمانوں کے حق میں ہے۔ وقف ترمیمی بل کے معاملے پر آل انڈیا مسلم پرسنل لاء بورڈ کے احتجاج پر جناب پال نے نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے کہا کہ 428 صفحات پر مشتمل رپورٹ پارلیمنٹ میں پیش کی گئی ہے اور وقف بورڈ کی بہتری کے لئے ترامیم کی گئی ہیں۔

انھوں نے الزام لگایا کہ سرکار کے خلاف اقلیتی برادری میں ایک فرضی تأثر پیدا کرنے کی سازش کی جارہی ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ سرکار نے مذکورہ بل کو مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے سپرد کیا تھا، تاکہ ایک منصفانہ اور متوازن قانون تیار کرنے کے لیے مسلم تنظیموں اور دیگر متعلقہ اداروں کے ساتھ صلاح ومشورہ کیا جاسکے۔

**Byte-1400 Jagdambika Pal JPC**

**LS Pending Cases**

سرکار نے کہا ہے کہ کمپنیوں سے متعلق ایکٹ اور دیوالیہ ہونے سے متعلق قانون کے تحت 20 ہزار سے زیادہ کیس اب بھی زیر التوا ہیں۔ آج لوک سبھا میں ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے کارپوریٹ اُمور کے وزیر مملکت ہرش ملہوترا نے کہا کہ سرکار نے اِن کیسوں کو تیزی کے ساتھ نمٹانے کی خاطر سہولت پیدا کرنے کے لیے کئی اقدامات کیے ہیں۔ اِن میں ای۔ کورٹ اور ہائبرڈ کورٹ پروجیکٹوں پر عمل درآمد، ارکان کی صلاحیت سازی کے لیے باقاعدگی سے سمینار وغیرہ کا اہتمام اور اسامیوں کو پُر کرنا شامل ہے۔ جناب ملہوترا نے یہ بھی کہا کہ دیوالیہ ہونے کی روک تھام سے متعلق قانون سے بھارت کو کافی فائدہ ہوا اور کاروبار کرنے میں سہولت کے اعتبار سے 2019 میں بھارت52 ویں مقام پر آگیا، جبکہ 2018 میں وہ 108 ویں پوزیشن پر تھا۔ اس طرح وہ 56 مقام اوپر آگیا۔x

**LS-US Import Duty**

حکومت امریکہ کی جانب سے اسٹیل اور المونیم پر نافذ کی گئی 25 فیصد درآمداتی ڈیوٹی کے اثرات کا بغور جائزہ لے رہی ہے۔ آج لوک سبھا میں ایک تحریری جواب میں خزانے کے وزیر مملکت پنکج چودھری نے یہ بات بتائی۔ انہوں نے مزید کہا کہ امریکہ نے ادویات، موٹر گاڑیوں اور سیمی کنڈیکٹر کے شعبوں میں اب تک درآمداتی محصول نافذ کرنے کا اعلان نہیں کیا ہے۔×

**J&K Encounter**

جموں و کشمیر کے کپواڑہ ضلع میں آج صبح سکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان ایک تصادم ہوا۔ پولیس کے ترجمان نے آکاشوانی نیوز کو بتایا کہ Krumhoora کے Zachaldara Rajwarعلاقے میں دہشت گردوں کی موجودگی کی خصوصی اطلاع ملنے پر پولیس اور دیگر سکیورٹی اہلکاروں کی ایک مشترکہ ٹیم نے تلاش کی کارروائی شروع کی۔ انہوں نے کہا کہ جیسے ہی فورسز مشتبہ مقام پر پہنچیں، چھُپے ہوئے دہشت گردوں نے سکیورٹی فورسز پر فائرنگ شروع کردی، جس پر سکیورٹی فورسز نے جوابی کارروائی کی۔×

**Amritsar Temple Attacker**

پنجاب میں پولیس نے امرتسر کے ایک مندر پر حالیہ حملے کے ایک ملزم کو گولی مارکر ہلاک کردیا ہے۔ اُسے آج صبح سویرے ایک جھڑپ میں اُس وقت ہلاک کردیا گیا، جب اُس نے پولیس

دستے پر گولیاں چلائیں، جو اُس کے ساتھ ساتھ اُس کے ساتھی کا پیچھا کررہے تھے، جبکہ دوسرا ملزم فرار ہوگیا۔ یہ دونوں ہی 14 مارچ کی رات مذہبی مقام پر گرینیڈ جیسی شئے پھینکنے میں ملوث تھے، جس سے اُس کی دیوار کو نقصان پہنچا تھا۔ البتہ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔اس تصادم میں ہیڈکانسٹبل گرپریت سنگھ بھی زخمی ہوگئے۔x

**Delhi-Bangladeshi Arrested**

دلّی پولیس نے ایک خصوصی مہم کے تحت 7 بنگلہ دیشی تارکین وطن کو حراست میں لیا ہے۔ ایسٹ ڈسٹرکٹ کے DCP ابھیشیک دھانیہ نے کہا کہ سبھی گرفتار شدہ بنگلہ دیشی شہری بھارت-بنگلہ دیش سرحد کے نزدیک دریائی راستوں سے بھارت آئے تھے اور وہ اپنی شناخت چھپانے کیلئے دلّی NCR-کے مختلف مقامات پر رہ رہے تھے۔ DCP دھانیہ نے کہا کہ غیر ملکیوں کے علاقائی رجسٹریشن دفتر کی مدد سے انہیں Deport کئے جانے کے عمل کا آغاز کردیا گیا ہے۔×

**Trump-PM Podcast**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے آج امریکہ میں قائم Podcaster اور AI ریسرچر Lex Fridmanکے ساتھ اُن کے Truth سوشل پلیٹ فارم پر وزیراعظم نریندر مودی کے Podcastانٹرویو کو شیئر کیا ہے۔ انٹرویو کے دوران جناب مودی نے صدر ٹرمپ کے ساتھ اپنے تعلقات کا خصوصی طور پر ذکر کیا ہے اور امریکہ کیلئے اُن کے عزم کی ستائش کی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا ہے کہ صدر ٹرمپ اپنی پہلی مدت کار کے مقابلے صدارت کیلئے اب کہیں زیادہ تیار ہیں۔ تین گھنٹے پر مبنی اس Podcast میں مختلف موضوعات شامل ہیں۔×

**Quad Workshop**

صحت اور خاندانی بہبود کی مرکزی وزیر مملکت انوپریا سنگھ پٹیل نے آج نئی دلّی میں بھارت بحرالکاہل خطے کیلئے وَبا سے متعلق تیاری پر Quadورکشاپ کا افتتاح کیا۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے محترمہ پٹیل نے کہا کہ حالیہ وقتوں میں اُبھرتے اور دوبارہ اُبھرتے ہوئے صحت کے خطرات میں اضافے سے عالمی سطح پر صحت خدمات کی یقینی فراہمی کی خاطر تیاری کو مستحکم کرنے، معاملات کا پتہ لگانے میں اضافے اور بہتر تال میل کے ساتھ بین الاقوامی طریقہ کار کی ضرورت ہے۔ عالمی سطح پر وبا سے متعلق تیاری اور اس سلسلے میں اقدامات کو مستحکم کرنے کے بھارت کے عزم کو اُجاگر کرتے ہوئے وزیر موصوف نے مطلع کیا کہ بھارت نے وبا سے نمٹنے کیلئے Pandemic فنڈ قائم کرنے کیلئے ایک کروڑ امریکی ڈالر کا تعاون دیا ہے۔×

**Justice Bagchi Oath**

بھارت کے چیف جسٹس سنجیو کھنّہ نے آج کلکتہ ہائی کورٹ کے جج، جسٹس Joymalya Bagchiکو سپریم کورٹ کے جج کی حیثیت سے عہدے کا حلف دلایا۔ حلف برداری کی تقریب سپریم کورٹ کے احاطے میں دیگر ججوں کی موجودگی میں ہوئی۔ جسٹس باگچی کے تقرر کے ساتھ ہی سپریم کورٹ میں ججوں کی تعداد اب 33 ہوگئی ہے، جبکہ وہاں مجموعی طور پر 34 جج مقرر کیے جانے کی گنجائش ہے۔ x

**Ukrain New Chief**

یوکرین کے صدر وولودومیر زیلنسکی نے Andrii Hnatov کو مسلح افواج کے نئے چیف آف جنرل اسٹاف کے طور پر مقرر کیا ہے۔ Hnatov نے Anatoliy Barhylevych کی جگہ لی ہے، جو فروری 2024 سے اس عہدے پر فائز تھے۔ Barhylevych اب یوکرین کی وزارتِ دفاع کے جنرل انسپیکٹر کے طور پر خدمات انجام دیں گے۔x

**Lead IMD**

ملک کے مختلف حصوں میں درجہ حرارت میں اضافہ ہورہا ہے اور بھارتی موسمیات محکمے نے ملک کے شمال مغربی حصے میں آئندہ تین سے چار روز کے دوران زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں رفتہ رفتہ دو سے چار ڈگری سیلسیس کے اضافے کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے اڈیشہ کے مختلف اضلاع میں گرمی کیلئے وارننگ جاری کی ہے، جبکہJharsuguda ، سمبل پور اور کالاہانڈی ضلعوں کیلئے ریڈ وارننگ جاری کی ہے۔ تلنگانہ میں جاری گرمی میں شدت آگئی ہے۔ 23 ضلعوں میں سے 22 میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 40 ڈگری سیلسیس کو پار کر گیا ہے۔x

**IMD-Weather**

وہیں بھارتی موسمیات محکمے IMD نے اروناچل پردیش کے کچھ مقامات پر شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور اور میزورم میں آج گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑسکتی ہیں اور تیز ہوائیں چل سکتی ہیں۔ موسمیات کے محکمے نے ساحلی گجرات، ساحلی آندھرا پردیش اورYanam ، شمالی اندرونی کرناٹک اور گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال میں کہیں کہیں گرم اور ہبس والا موسم رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔x

**Kabaddi**

کبڈّی عالمی کپ 2025 آج شام انگلینڈ میں شروع ہورہا ہے۔ بھارتی مردوں کی ٹیم Wolverhamptonکے مقام پر اٹلی کے خلاف مقابلے کے ساتھ اپنی مہم کا آغاز کرے گی۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے پانچ بجے شروع ہوگا۔ ورلڈ کبڈّی تنظیم اس دوسرے کبڈی ورلڈ کپ کی میزبانی کررہی ہے اور پہلی مرتبہ یہ ٹورنامنٹ ایشیاء سے باہر کھیلا جارہا ہے۔ مردوں اور خواتین دونوں زمروں میں بھارت موجودہ چمپئن ہے۔x